## خلاصۃ النحو کی تیاری کیسے پڑھیں

- کتاب میں موجود سوال جواب اچھی طرح یاد کریں اور پھر سوال پڑھ کر اس کا جواب خود سے دیتے جائیں
- نیز غلطی کی نشاندہی پہلے خود سے کریں اس کے بعد اپنی کاپی میں درست جواب بھی دیکھیں
- اگر کوئی ساتھی میسر ہو تو آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں کہ یہ بھی ایک اچھا طریقہ ہے چیزوں کو یاد کرنے اور سمجھنے کا
- ہر جواب کے بعد ایک مرتبہ ضرور غور کریں کیا یہ جواب کتاب میں موجود قواعد کے مطابق ہے
- کوئی اشکال ہو تو اپنے اساتذہ سے رابطہ کریں آپ کی رہنمائی کے لئے ہم پچھلے سالوں کے کچھ سوال یہاں درج کر رہے ہیں جن سے آپ کو امتحان میں آنے والے سوالوں کا اندازہ ہو جائے گا
- کتاب میں موجود اصطلاحات اور قواعد فوائد اچھی طرح یاد فرمالیں
- روزانہ قرآن مجید کی تلاوت کریں اور بعدہ کم از کم ایک صفحہ میں خلاصۃ النحو اور نصاب الصرف میں پڑھے گئے قواعد کا اجراء کریں

سوال نمبر 1 : علم نحو کی تعریف، موضوع، غرض و غایت، وجہ تسمیہ، مرتبہ، حکم، ما بہ الاستمداد، واضع اور مشہور نحاہ کے نام تحریر کیجئے

سوال نمبر 2 : معرفہ اور نکرہ کی تعریف اسم معرفہ کی اقسام تحریر کیجئے اور بتایئے اسم ضمیر کے علاوہ اسم کو کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3 : مونث کی اقسام اور ہر ایک کی تعریف تحریر کیجئے، نیز بتائیں الف مقصورہ اور الف ممدودہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4 : جمع مکسر، جمع سالم، جمع قلّت، جمع کثرت، اسم جمع کی تعریف مع مثال تحریر کریں

سوال نمبر 5: تنازع فعلین کسے کہتے ہیں نیز اس کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟ بیان کریں

سوال نمبر 6: مبتدا کی قسم ثانی کسے کہتے ہیں نیز صفت کا صیغہ اور اسم ظاہر واحد ہوں تو کیا حکم ہے بیان کریں۔

سوال نمبر 7: مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں

اسم عدد اسم کنایہ مصدر اسم مبالغہ صفت مشبہ موعول مطلق

تمییز مستثنی اسم منسوب

سوال نمبر 8: اضافت کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟ مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں ۔

سوال نمبر 9 : افعال مقاربہ، رجا اور شروع کی تعریفات وامثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 10: حروف معانی کے فقط نام قلم بند کریں

سوال نمبر 11: الف لام غیر زائدہ کی اقسام کی تعریفات اور مثالیں تحریر کریں۔

سوال نمبر 12: غلطی کی نشاندہی فرمائیں

مفعول بہ ضمیر متصل ہو تو اسے مقدم لانا ضروزی ہے تنازع حرف فعلوں میں ہوتا ہے

جس چیز کی قسم کھائی جائے اسے مقسم بہ کہتے ہیں۔ تنازع کی صرف دو صورتیں ہیں

مناذی کے اخر سے ایک یا دو حروف یا ایک جز کو حذف کر دینا ترخیم ہے مستغاث ہمیشہ مجرور یا منصوب ہوتا ہے

سوال نمبر 13: درج ذیل جملوں میں سے کسی پانچ کی ترکیبیں تحریر فرمائیں

1 : زید قائمٌ 2: ضرب زید عمرا 3: یا زید 4: ان العلم نور 5: کان الماء باردا

6: واللہ لن اکذب

## اسباق کا پیپر 1

سوال نمبر 1 : مندرجہ ذیل دس اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔

نکرہ مخصوصہ حرف تعریف حرف تنکیر کلمہ اضافت حقیقیہ حروف جر منصرف

صلہ تنوین عوض قسم شرط

سوال نمبر 2 : (الف) صفت مفرد ہوتی ہے تو کتنی اور کون کون سی چیزوں میں موصوف کے مطابق ہوتی ہے؟ تفصیلا تحریر کریں۔

(ب) حروف مشبہ بالفعل کتنے اور کون کونسے ہیں نیز یہ حروف جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر کیا عمل کرتے ہیں؟ ہر ایک کی مثال بھی تحریر کریں۔

سوال نمبر 3 : (الف) معرب اور مبنی کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ تحریر کریں کہ مبنی الفاظ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

(ب) اسم جمع کی تعریف بیان کرتے ہوئے جمع مؤنث سالم بنانے کا طریقہ مثال دیکر تحریر کریں۔ (ج) جمع مکسر کے کوئی سے چار اوزان مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 4 : (الف) اسم عدد اور معدود کے استعمال کا مکمل طریقہ مع امثلہ تحریر کریں۔

(ب ) مصدر کتنے اور کون کونسے طریقوں سے استعمال ہوتا ہے ؟ مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5 : (الف ) مندرجہ ذیل حروف کے بارے میں بتائیں کہ یہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز ہر ایک کی مثال بھی تحریر کریں۔

حروف استقبال حروف تاکید حروف تفسیر حروف تحضیض حروف مصدر (ب)افعال تعجب کے متعلق کوئی سے چار قواعد تحریر کریں۔

سوال نمبر 6 : فاعل اور مفعول کو مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں تحریر کریں۔

(ب ) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کے لغوی معنی تحریر کرتے ہوئے لفظی ترجمہ کریں اور مختصر تشریح سپرد قلم کریں۔

بعد توحید خداوند و درود مصطفیٰ نعت آل پاک پیغمبر رسول مجتبیٰ

عامل اندر نحو صد باشد چنین فرمودہ اند شیخ عبدالقاہر جرجانی پیر ہدا

معنوی از وی دو باشد جملہ دیگر لفظی اند باز لفظی شد سماعی و قیاسی اے فتا

اسباق کا پیپر 2

سوال نمبر 1 : (الف ) مندرجہ ذیل سوالات کا حل مطلوب ہے۔

(1 ) معرفہ کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں مفعول بہ کی تعریف لکھیں

سوال نمبر 2 : مندرجہ ذیل سوالات میں سے 5 کا حل مطلوب ہے۔

(1) کل کتنے اور کون کونسے الفاظ معرب ہوتے ہیں؟ (2) اسمائے موصولہ کون کونسے ہیں؟

(3) کون کونسی جگہوں میں ان بفتح ہمزہ پڑھا جائیگا؟ (4) کن کن صیغوں میں ضمیر ہمیشہ ظاہر ہوتی ہے؟ (5) اسم شرط کسے کہتے ہیں؟ اور یہ کون کونسے ہیں؟ (6) مفعول مطلق نوعی کب ہوتا ہے؟

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی 2 سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(1) کس کس طرح کے اسماء غیر منصرف ہوتے ہیں؟ (2) بدل، مبدل منہ کسے کہتے ہیں؟ نیز بدل کی قسمیں مع مثال تحریر کریں۔ (3) حروف جواب، حروف تفسیر اور حرف ردع تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(1) حروف عطف کتنے اور کون کونسے ہیں؟ (3) اسم فعل کسے کہتے ہیں؟ اور یہ کیا عمل کرتا ہے؟

(2) اسم کنایہ کسے کہتے ہیں؟ اور یہ کتنے اور کونسے ہیں؟ (4) اسم تفضیل کس وزن پر آتا ہے؟

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل سوالات میں سے 5 کا حل مطلوب ہے۔

1 ترخیم کسے کہتے ہیں؟ اور یہ کب جائز ہوتی ہے؟ (2) موانع تنوین کتنے اور کون کونسے ہیں؟

(3) اسم فعل سماعی ہے ہے یا قیاسی؟ (4) حتی، او، فاء اور واو کے بعد ان بالفتح کا مقدر ہونا کب صحیح ہوتا ہے؟

(4) اسم فاعل ہمیشہ واحد آئیگا یا تثنیہ اور جمع بھی آسکتا ہے؟ (6) تاکید کی اقسام اور ان کی تعریف مع امثلہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: مندرجہ ذیل میں سے کسی 2 سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(1) اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی قسمیں اور ہر ایک کا اعراب مع امثلہ بیان کریں۔ (2) اسمائے عدد اور معدود کے استعمال کا مکمل طریقہ بیان فرمائیں۔ (3) کس صورت میں یاء متکلم پر فتحہ اور سکون دونوں پڑھنا جائز ہیں؟ اور کس صورت میں اسکو فتحہ دینا واجب ہے؟

## تمرین کا پیپر 1

سوال نمبر 1: (الف) غلطی کی نشاندہی کریں۔

(1) بے معنی کلمہ کو مہمل کہتے ہیں۔ (2) حرف کی کوئی علامت نہیں ہے۔ (3) جس اسم سے معین چیز سمجھی جائے اسے نکرہ کہتے ہیں۔ (4) جو اسم جمع کا معنی دے اسے اسم جمع کہیں گے۔ (5) جو اسم ظرف مضاف ہو اسے مبنی علی الفتح پڑھنا جائز ہے۔ (6) جمع کا صیغہ غیر منصرف ہوتا ہے۔ (7) جس اسم کے شروع میں لام ہو اسے معرف باللام کہتے ہیں۔ (8) جمع مذکر سالم کا اعراب تقدیری ہوتا ہے۔ (9) جس مضارع پر ناصب یا جازم نہ ہو وہ منصوب ہوتا ہے۔ (10) جس ظرف کی حد ہو اسے ظرف مبہم کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2: (الف) غلطی کی نشاندہی کریں۔

(1) خبریہ کی تمیز ہمیشہ جمع اور مجرور ہوتی ہے۔ (2) تمام اسمائے افعال سماعی ہوتے ہیں۔ (3) مصدر فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دیتا ہے۔ (4) جس اسم کے ساتھ فعل قائم ہو وہ اسم فاعل ہے۔ (5) جن افعال سے تعریف یا مذمت کی جائے انہیں افعال مدح وذم کہتے ہیں۔ (6) اسم مفعول صرف مفعول کے وزن پر آتا ہے۔ (7) سم تفضیل ہمیشہ موصوف کے مطابق آتا ہے۔ (8) اضافت لفظیہ میں مضاف پر الف لام آسکتا ہے۔ (9) کسی بھی فعل میں ایک شخص کی دو ضمیریں فاعل اور مفعول بن سکتی ہیں۔ (10) موانع تنوین چار ہیں۔

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل الفاظ میں ضمائر کی اقسام خمسہ کی شناخت فرمائیے۔

(1) انکم (2) علیه (3) رجعنا (4) الیکما (5) انتم (6) ایاکم (7) لهن (8) ایانا

(9) درسی (10) هو

(ب) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کریں۔

1) انا اخوزید عالم (2) ان فی الدار رجل (3) انما زید اصالح (4) ان الخمرُ حرام (5) ان المیزان حقا (6) الکتب مفیدون (7) الزیدان شاعر (8) الرجال قائم

سوال نمبر 4: (الف) موصوف، صفت الگ الگ کریں۔

(1) جاء رجل یخاف (2) صام ولد صالح (3) هذه ناقة یعملة (4) هذا یوم عظیم (5) اولاد صغار نائمون

(ب) معنی پر غور کرتے ہوئے ظرف زمان اور ظرف مکان الگ الگ کریں۔

1: فوق 2: تحت 3: متی 4: ایان 5: عوض

(ج) مضاف اور مضاف الیہ الگ الگ کریں۔

(1) محمد رسول الله (2) المؤمن ینظر بنور الله (3) افة العلم النسیان (4) جاء ولد ازید

(و) مذکر اور مؤنث الگ الگ کریں۔

نار دار بیت خلیفة اسامة شمس

سوال نمبر 5: (الف) مصدر صریح اور مصدر مؤول کی شناخت کیجئے اور اس کے عمل کی وضاحت فرمائے۔

(1) حاولت كتابة رسالة (2) سرنی انه عالم (3) الحمد لله علی ما انعم (4) من البران تكف لسانك

(5) وان تصوموا خير لكم (6) الغيبة ذكرك بمايكره

(ب) الف جزء کی عربی عبارتوں کا ترجمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: (الف) غلطی کی نشاندہی کریں۔

(1) بعت ثلاث كتاب (2) فی الجامعة عشرين طلبة (3) اشتريت اثناعشر شاة (4) ان فی القطار احد

وتسعون نملة (5) فی الدار تسعة غرفة

(ج) اسم تفضیل، مفضل اور مفضل علیہ الگ الگ کریں۔

(1) الهندات فضليات البنات (2) الفتنة اكبر من القتل (3) العلم انفع من المال (4) النبی افضل من

الولی (5) العمل خير من البطالة

سوال نمبر 1: غلطی کی نشاندہی کریں۔

(1) اسم کے آخر میں تنوین اور اس کے شروع میں الف لام جمع ہو سکتے ہیں۔ (2) مضاف ہمیشہ مرفوع اور مضاف الیہ مجرور ہوتا ہے۔ (3) کل ضمیریں 65 ہیں۔ (4) اسم کے آخر میں الف کے بعد ہمزہ ہو تو اسے الف مقصورہ کہتے ہیں 5) ضمہ، فتح اور کسرہ ہی کو اعراب کہتے ہیں۔ (6) بے معنی کلمہ کو مہمل کہتے ہیں۔ (7) هناك اور ههنا قریب جگہ کے لیے آتے ہیں۔ (8) اسم موصول صلے سے ملکر کلام بنتا ہے۔ (9) جس مضارع پر ناصب یا جازم نہ ہو وہ منصوب ہوتا ہے۔ (10) غیر منصرف مضاف الیہ ہو تو اس پر کسرہ آجائے گا۔

سوال نمبر 2: غلطی کی نشاندہی کریں۔

(1) جس دوسرے لفظ کو پہلے لفظ کا عراب دیا گیا ہو، اسے متبوع کہتے ہیں۔ (2) صفت سببی تذکیر وتانیث میں موصوف کے مطابق ہوتی ہے (3) مفرد کا عطف جملہ پر ہو سکتا ہے۔ (4) بدل بعض اور بدل کل میں ایک ضمیر کا ہونا ضروری (5) معدود ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔ (6) جس اسم کے ساتھ فعل قائم ہو وہ اسم فاعل ہے۔ (7) موانع تنوین 4 ہیں۔ (8) کم استفہامیہ کی تمیز ہمیشہ مفرد اور منصوب ہوتی ہے۔ (9) افعال مدح وذم کا فاعل ہمیشہ معرف بالام ہوتا ہے

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل جملوں میں غلطی کی نشاندہی کیجئے۔

﴿1﴾ خالد ناصر اخاہ امس ﴿2﴾ ضارب رجل ولد ﴿3﴾ ذھب خلیفۃ عالمۃ ولدہ ﴿4﴾ قام رجال مھزوم

(ب) مؤنث حقیقی اور مؤنث لفظی الگ الگ کیے۔

﴿1﴾ دار ﴿2﴾ رجل ﴿3﴾ صحراء ﴿4﴾ خبر ﴿5﴾ اتان ﴿6﴾ لغۃ

(ج) مذکر اور مؤنث الگ الگ کریں۔

﴿1﴾ اسامۃ ﴿2﴾ بقرۃ ﴿3﴾ شمس ﴿4﴾ نار

سوال نمبر 4: (الف) موکد اور تاکید کی تعین کیجئے اور تاکید کی قسم متعین کیے۔

(1) جاء الامیر نفسہ (2) فسجد الملئکۃ کلھم (3) رایت اسدا اسدا (4) سمعتہ انا نفسی (5) نصر القوم اجمعون

(ب) درج ذیل جملوں میں اغلاط کی نشاندہی کیجئے۔

﴿1﴾ فی الجامعۃ عشرین طلبۃ ﴿2﴾ 2فی الدار تسعۃ غرفۃ ﴿3﴾ بعت ثلاث کتاب ﴿4﴾ ھذہ اربع و ستون احادیث ﴿5﴾ کان فی البستان عشرین شجرۃ

(2) جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ الگ الگ کیجئے۔

(1﴾ اللہ خالق کل شی ﴿2﴾ انصر الفقیر ﴿3﴾ لیت خالدا جاء ﴿4﴾ تحفۃ المؤمن الموت

سوال نمبر 5 : (الف) اسم تفضیل اور مفضل علیہ الگ الگ کیجئے

﴿1﴾ النبی افضل من الولی ﴿2﴾ الکفار احرص الناس ﴿3﴾ العلم انفع من المال ﴿4﴾ انا اکثر منک مالا ﴿5﴾ الصلوۃ خیر من النوم

(ج) درج ذیل الفاظ میں ضمائر کی اقسام خمسہ کی شناخت فرمائیے۔

(1﴾ انکم ﴿2﴾ غَسَلَ ﴿3﴾ فتحہ